ٹاون میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا سیکٹر الیون جی اور الیون ایف نیو کراچی میں سڑک کی تعمیر کے کام کا جائزہ۔

نیو کراچی ٹاؤن کی تباہ حال سڑکوں کو تعمیر و مرمت کر کے بحال کیا جا رہا ہے۔چیئر مین محمد یوسف

منتخب نمائندے عوام کو ہر ممکنہ بلدیاتی سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔چیئر مین محمد یوسف

اہل محلہ نے سڑک کی تعمیر پر چیئر مین محمد یوسف اور اُن کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔

مورخہ:/ 18 اکتوبر 2024ء

کراچی ( ) چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا سیکٹر الیون جی اور الیون ایف نیو کراچی میں سڑک کی تعمیر کے کام کا جائزہ۔نیو کراچی ٹاؤن کی تباہ حال سڑکوں کو تعمیر و مرمت کر کے بحال کیا جا رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے نیو کراچی کو دھرا کالونی میں جاری سڑک کی تعمیر کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر محکمہ بی اینڈ آر کے انچارج فیصل صغیر، ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن محمد مشتاق خان و دیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے۔اس موقع پر علاقہ مکینوں نے سڑک کی تعمیر کرانے پر چیئر مین محمد یوسف اور اُن کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سابقہ بلدیاتی دور میں عوام کے بنیادی مسائل پر توجہ نہیں دی گئی جس کی وجہ سے نیو کراچی ٹاؤن میں بے تحاشہ مسائل پیدا ہوئے۔انہوں نے کہا کہ عوام نے مسائل کے حل کے لئے جماعت اسلامی کے نمائندوں کو منتخب کیا ہے اور ہم سے اُمیدیں وابستہ کی ہیں انشاء اللہ ہم عوامی نمائندے ہیں اور عوام کے درمیان رہتے ہوئے محدود وسائل میں بھی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں کہ اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کو بلدیاتی سہولیات اُن کی دہلیز پر پہنچائیں، چیئر مین محمد یوسف نے سڑک کی تعمیر پر معمور افسران و عملے کو ہدایت دی کہ سڑک کی تعمیر میٹریل کی کوالٹی کا خاص خیال رکھا جائے تا کہ تعمیر کے بعد سڑک طویل مدت تک کارآمد رہے۔چیئر مین محمد یوسف نے مزید کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کے ہر علاقے میں سڑکیں خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور لوگوں کو آنے جانے میں دشواری پیش آتی ہے، جماعت اسلامی کے نمائندوں کو جب سے اختیار ملا ہے وہ عوام کی فلاح و بہبود کے کاموں کے ساتھ بہتر معاشرتی زندگی گزارنے کے لئے سہولیات فراہم کر رہے ہیں، صحت مند ماحول کے ساتھ نیو کراچی ٹاؤن کو خوبصورت بنانے کے لئے شجر کاری مہم کے زریعے مرکزی شاہراہوں پر خوشنما اور پھول دار پودے بھی لگائے جا رہے ہیں اور الحمد اللہ جلد نیو کراچی ٹاؤن کا شمار مسائل سے پاک خوبصورت ٹاؤن میں ہوگا۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن